این بی پی کیش کارڈ کی حفاظتی تدابیر

ہم ای بینکنگ کی وسیع اور مختلف النوع شاندار سہولیات سے مالا مال این بی پی کارڈ کے حوالے سے آپ سے اپنے نئے تعلق کا خیر مقدم کرتے ہیں تاہم آپ کی سہولت اور این بی پی کیش کارڈ کے اے ٹی ایمز اور مرچنٹ آؤٹ لیٹس پر محفوظ استعمال کیلئے ہمارا مشورہ ہے کہ آپ یہ احتیاطی تدابیر ضرور کریں:

- این بی پی کیش کارڈ موصول ہونے کے فوراً بعد اپنے قریب ترین این بی پی ۔اے ٹی ایم پہ جا کر اپنا پن (PIN) کوڈ تبدیل کیجئے۔
- اپنا ذاتی تشخصی نمبر (PIN) نہ کسی کو بتائیے نہ ٹیلیفون پر دیجئے۔
- اپنے کارڈ پر پن کوڈ ہرگز نہ لکھئے۔
- اپنا کارڈ اور پن کبھی ایک جگہ نہ رکھیئے۔
- اے ٹی ایم کے پاس جاتے ہوئے اپنے اردگرد ماحول کا محتاط جائزہ لیں اگر آپکو کوئی بات غیر معمولی لگے، تو اے ٹی ایم پہ بعد میں جائیے۔
- کارڈ گم یا چوری ہونے کی صورت میں اپنی این بی پی شاخ کو فوراً مطلع کیجئے۔
- پن کوڈ درج کرتے وقت اے ٹی ایم مشین کے بالکل قریب کھڑے ہوں اور کسی بھی شخص کو دیکھنے کا موقع نہ دیں۔
- اپنا پن کوڈ درج کرنے سے پہلے یہ ضرور دیکھ لیجئے کہ دکاندار نے خریداری کی رقم صحیح درج کی ہے۔
- اپنی پی او ایس رسید کو ریکارڈ کے طور پر محفوظ رکھیں اور یہ ضرور دیکھیں کہ کیشیئر / ملازم نے جو کارڈ واپس کیا وہ آپ ہی کا ہے۔
- اپنے کارڈ کو سورج کی براہ راست شعاعوں اور مقناطیسی کشش سے محفوظ رکھیں۔
- اپنے کارڈ کو مت موڑیئے۔
- نیا کارڈ جاری ہونے کی صورت میں اپنے پرانے کارڈ کو احتیاط سے ضائع کر دیں۔